لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگانِ اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۵۱	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۴ صفر ۱۳۳۶ھ مطابق ۱۰ دسمبر ۱۹۱۷ء	جلد ۲۹

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	تحریر لفظ بہادر ہمراہ نام کپتان محمد محمود شاہ خاں صاحب بہادر	۱
۲	رخصت عنایت حسین خاں	۲
۳	انتظام رخصت مولوی وحید اللہ خاں پیشکار	،،
۴	ہدایات متعلق امتحان وکالت	۲و۳و۴
۵	تبادلہ فیروز شاہ خاں منصرم گاؤ میش خانہ	۴
۶	نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

ملخص حکم اجلاس ہمایوں بندگانِ حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

عطائے خطاب

۲۹ نومبر ۱۹۱۷ء

کپتان محمد محمود شاہ خاں کو بنظر قدر افزائی خطاب "بہادر" بحکم یکم جنوری ۱۹۱۷ء عطا ہو چکا ہے۔ اُنکے نام کے ساتھ جس طرح پہلے عمل تخاطب بھی لفظ "بہادر" تحریر ہوا کرے گا۔

ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

رخصت

۲ر دسمبر سنہ ۱۹۱۷ء

حسب رائے صاحب مہتمم بندوبست رخصت پندرہ ۱۵ یوم عنایت حسین خاں انسپکٹر منظور ہوئی۔

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر واقع ۳ر دسمبر سنہ ۱۹۱۷ء

حسب منظوری بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم مولوی وحید اللہ خاں پیشکار عدالت دیوانی کو رخصت من ابتدائے ۱۰ر دسمبر سنہ ۱۹۱۷ء برائے تین ۳ ماہ استحقاقی دیکر اور تا زمانہ رخصت پیشکار مذکور حسب ذیل انتظام کیا جاتا ہے کہ منشی فدا علیخاں پیشکار عدالت دیوانی میں کام کریں گے۔ اور انکی جگہ منشی سعید الدین خاں ناظر عدالت ججی پیشکاری عدالت اسسٹنٹی صیغہ اور کا کام کرینگے اور پانچ روپیہ ماہوار بطور الاؤنس پائینگے۔ اور ناظر مذکور کا کام منشی اصغر حسین اسسٹنٹ ناظر ججی انجام دینگے۔ بتاریخ ۵ر دسمبر سنہ ۱۹۱۷ء اشخاص متعلق اپنے اپنے کام کا چارج دیدیں۔ اسسٹنٹ ناظر کی جگہ کے انتظام کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ کیونکہ یہ ایک اہلکار وہاں زائد ہی ہے لہذا

حکم ہوا کہ

حسب صراحت بالا فوراً احکام ضابطہ جاری ہوں۔

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر واقع ۵ر دسمبر سنہ ۱۹۱۷ء

آج مفصل ہدایات دربارہ امتحان وکالت ہمراہ روبکار ہذا شائع کیجاتی ہیں صاحب ڈسٹرکٹ وسشن جج بہادر اور جج صاحب خفیفہ نگران امتحان مقرر کیے جاتے ہیں ہر دو صاحبان اپنے اپنے پیشکاروں کو اپنی معاونت کیلیے ہمراہ رکھینگے۔ اور انتظام کیلیے دو دو چپراسی عدالہائے ججی وخفیفہ مقرر کرینگے۔

جسقدر تعداد اُمیدواراں کی ہو اُسقدر دواتیں اور قلم اور نب بقدر ضرورت روشنائی اور جاذب کا اور ایک گوند دانی اور گوند کا انتظام صاحب ڈسٹرکٹ وسشن بہادر کرائینگے۔ دفتری ججی ہر روز صبح کو وقت مقررہ سے قبل کل ڈسکوں پر دوات وقلم وغیرہ کی درستی کردیگا اور بعد ختم امتحان یہ کل سامان دفتر جوڈیشل میں حفاظت سے روزانہ رکھدیا کریگا۔ نیز پانی پینے کیلیے دو گلاسوں کا بھی انتظام کیا جائے گا۔

حکم ہے کہ

بترسیل روبکار ہذا صاحب ڈسٹرکٹ وسشن جج بہادر کو لکھا جائے کہ ایک ہفتہ کے اندر کل اُمیدواران وکالت کو اطلاع عدید بیجائے جو اُمیدوار شہر میں موجود ہیں اُنکو طلب کرکے ہدایت کردیجائے کہ ہدایات کی وہ نقل کرلیں اور جو اُمیدوار بیرونجات کے ہیں اُنکو ہدایت کی ایک ایک نقل بذریعہ ڈاک بھیجدیجائے جو لفافہ جات بذریعہ ڈاک بھیجے جائیں اُنکا پوسٹل سارٹیفکیٹ ڈاکخانہ سے حاصل کرلیاجائے اور ایک ہفتہ کے بعد اس حکم کی تعمیل کی اجلاس ہذا میں رپورٹ مع اطلاعیابی وپوسٹل سارٹیفکیٹ کے بھیجدیجائے۔ ایک نقل صاحب جج خفیفہ کے پاس مرسل ہو اور ایک نقل روبکار مع ہدایات مسلکہ سررشتہ دار صاحب اسی ہفتہ کے گزٹ میں شائع کرادیں۔

نقل ہدایات متعلق امتحان وکالت سنہ ۱۹۱۷ء

بسلسلہ روبکار اجلاس ہذا مورخہ ۳ر اپریل سنہ ۱۹۱۷ء دربارہ امتحان وکالت بابت سنہ ۱۹۱۷ء اعلان کیا جاتا ہے کہ

الف۔ ۱۷۔ ۱۸۔ ۱۹۔ ۲۰۔ ۲۲۔ ۲۳ر دسمبر سنہ ۱۹۱۷ء امتحان کی تاریخیں

مقرر کیگئی ہیں اور ہر تاریخ کو ساڑھے دس بجے سے چار بجے تک وقت امتحان مقرر کیا گیا ہے۔

ب۔ نیلام گھر واقع احاطۂ کچہری صدر جلسۂ امتحان کیلیے مقرر کیا گیا ہے

ج۔ اُمیدواران امتحان وکالت کو لازم ہے کہ ہر تاریخ مقررہ کو دس بجے تک جلسۂ امتحان میں حاضر ہو جائیں اور اپنا نام فہرست حاضری میں درج کر دیں جو اُمیدوار جس تاریخ کو بعد دس بجے کے حاضر ہوگا اُس تاریخ کے جلسۂ امتحان میں شریک نہ کیا جائیگا

د۔ دس بجکر پندرہ منٹ پر نقلی کاغذات سادہ جوابات لکھنے کی تقسیم کر دیجائینگی۔ اور ساڑھے دس بجے پرچہ سوال تقسیم کر دیجائیگا اور ٹھیک چار بجے پرچہ سوالات خواہ مکمل ہو یا ناقص بلا عذر و توقف کے لیلیا جائیگا۔

ہ۔ ہر اُمیدوار کو لازم ہوگا کہ پرچہ جوابات کے شروع میں اپنا نام بقید ولدیت و سکونت واضح خط میں لکھے اور بعد اسکے سوال کا نمبر لکھکر اُسکا جواب تحریر کرے ترتیب نمبران پرچہ سوال کا لحاظ ضروری نہیں ہے۔

و۔ کوئی کاغذ یا کتاب جلسۂ امتحان میں لانا یا امتحان شروع ہونیکے بعد جلسۂ امتحان میں آپس میں بات کرنا یا کسی اُمیدوار کا دوسرے کو کسی نوعیت سے مدد دینا ممنوع ہے۔ جو اُمیدوار اسکے خلاف ورزی کریگا جلسۂ امتحان سے نکالدیا جائیگا۔

ز۔ نقلی کاغذ سادہ جو ہر اُمیدوار کو جوابات لکھنے کیلیے دیجائیگی اگر وہ کافی نہو تو اور کاغذ نگران امتحان سے وہ لے سکتا ہے لیکن یہ ضروری ہے کہ اُس کاغذ کو نقلی مذکور میں جوابات لکھنے کے بعد چسپاں کر دے۔ تاکہ دوسرے اُمیدوار کے پرچہ جوابات میں مخلوط نہو جائے۔

ح۔ اگر کسی اُمیدوار کو کوئی ضرورت ہو تو اُسکو چاہیے کہ کھڑا ہو جائے نگران یا اُنکے معاون ایسے اُمیدوار کے پاس جاکر دریافت کرکے حسب موقع اُسکا انتظام کر دینگے۔

ط۔ اگر کسی اُمیدوار کو کوئی ضرورت قوی جلسۂ امتحان سے باہر جانیکی ہوگی تو نگران کسی معتبر شخص کو اُسکے ہمراہ کر دینگے تاکہ وہ کسی شخص سے گفتگو نہ کرے یا کسی قسم کی تحریر یا کاغذ حاصل نکرے۔

ی۔ ہر اُمیدوار دوسرے اُمیدوار سے جلسۂ امتحان میں بمقدار فاصلہ سے بٹھایا جائیگا کہ ایک دوسرے کو کسی قسم کی مدد نہ دیسکے۔

ک۔ ہر تاریخ کو ایک پرچہ سوال تقسیم کیا جائیگا۔

ل۔ ہر پرچہ کے نمبر مفروضہ ۱۵۰ ہیں۔ جو اُمیدوار ہر پرچہ کے نمبران مفروضہ میں سے کم از کم نصف نمبر اور کل پرچوں کے مجموعی نمبروں میں سے کم از کم دو ثلث نمبر تک حاصل کریگا وہ درجہ اول میں۔

اور جو ہر پرچہ کے نمبروں میں سے کم از کم ایک ثلث اور کل مضامین کے مجموعی نمبروں میں سے کم از کم نصف نمبر حاصل کریگا درجہ دوم میں۔

اور جو ہر پرچہ کے نمبروں میں سے کم از کم ۳۷ نمبر اور کل پرچوں کے مجموعی نمبروں میں سے ایک ثلث حاصل کرے گا درجہ سوئم میں کامیاب سمجھا جائیگا۔

لیکن سند وکالت ہر اُمیدوار اُسی درجہ کی پانیکا مستحق ہوگا جس درجہ کی فیس شرکت امتحان اُسنے داخل کی ہے۔

م۔ جو اُمیدوار اپنا پرچہ وقت مقررہ سے قبل ختم کرکے دیدیگا اُسکو اختیار ہوگا کہ جلسۂ امتحان سے چلا جائے۔

ن۔ پرچہ سوالات کا سربمہر لفافہ نگران صاحبان جلسۂ امتحان میں کھولکر ایک ایک پرچہ ہر اُمیدوار کو تقسیم کر دینگے اور جو پرچے تقسیم سے بچینگے اُنکو حفاظت سے رکھینگے۔

ص۔ اگر کسی امیدوار سے پرچہ کا کوئی جملہ یا لفظ نہ پڑھا جائے تو نگراں صاحبان یا انکے معاون اسکو پڑھکر بتا دینگے۔

ع۔ پرچہائے جوابات واپس لینے کے بعد فوراً ایک لفافہ میں بند کرکے نگران صاحبان اسپر مہر لگا دینگے اور ہمارے پاس بھیجدینگے۔

ف۔ ہر تاریخ کو ایک فہرست امیدواران نگراں صاحبان مرتب کرائینگے جسپر امیدواراں اپنی حاضری لکھینگے اور ہر تاریخ کی فہرست اس تاریخ کے پرچہائے جوابات کے ہمراہ لفافہ میں بند کردیجائیگی۔

ص۔ ۱۷ر دسمبر سنہ ۱۹۱۶ء کو پرچہ دیوانی عـ۱ـلـ ۱۸ر دسمبر سنہ ۱۹۱۶ء کو پرچہ دیوانی عـ۲ـلـ ۱۹ر دسمبر سنہ ۱۹۱۶ء کو پرچہ فوجداری ۲۰ر دسمبر سنہ ۱۹۱۶ء کو پرچہ مال عـ۱ـلـ ۲۲ر دسمبر سنہ ۱۹۱۶ء کو پرچہ مال عـ۲ـلـ اور ۲۳ر دسمبر سنہ ۱۹۱۶ء کو پرچہ متفرقات تقسیم کیا جائے گا۔

[illegible]

روبکار اجلاس صاحب پرائیویٹ سکرٹری بہادر واقع ۲۷ر نومبر سنہ ۱۹۱۶ء

سابق میں گاؤخانہ میں دو نائب منصرم مقرر تھے منجملہ انکے منشی عاشق علی خاں نائب منصرم گاؤخانہ سے کنول خانہ کو تبدیل کردیے گئے ہیں۔ انکی بجائے کوئی دوسرا شخص تجویز نہیں ہوا ہے وہاں دوسرے شخص کی ضرورت ہے گاؤمیش خانہ میں اسوقت فیروزشاہخاں و محمد علی خاں دو نائب منصرم جو بیس بیس روپیہ ماہوار پاتے ہیں اور ایک شاہ علی حیدر جمعدار بشاہرہ پندرہ روپیہ ماہوار مقرر ہیں۔ جمعدار مذکور بھی کام نگرانی گاؤمیشاں وغیرہ انجام دیتے ہیں۔ تین آدمیوں کے وہاں رکھنے کی ضرورت نہیں معلوم ہوتی ہے۔ منجملہ انکے فیروز شاہ خاں نائب منصرم کو جو سابق میں بھی گاؤخانہ میں نائب منصرم رہچکے ہیں گاؤمیش خانہ سے گاؤخانہ کو تبدیل کردینا مناسب معلوم ہوتا ہے فیروزشاہخاں گاؤخانہ میں وہ سب کام انجام دینگے جو عاشق علیخاں کیا کرتے تھے۔

حکم ہوا کہ

فیروزشاہخاں نائب منصرم کا تبادلہ بہ تنخواہ موجودہ گاؤمیش خانہ سے گاؤخانہ میں کیا جائے احکام ضابطہ صدر سے جاری ہوں صاحب سپرنٹنڈنٹ ذات خاص منشی مقبول احمد خاں صاحب کو مطلع فرماویں کہ کام ہر دو نائب منصرمان گاؤخانہ کا تقسیم کردیں۔

[illegible]

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدا ۶ لغایت ۱۲ دسمبر ۱۹۱۷ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۷؍ار ۷؍۰؍ار	۸؍ار		۸؍ر	۸؍ار ۸؍۰؍ار	۷؍۰؍ار	
نخود خالص	۱۰؍۰؍ار ۱۱؍ار	۱۲؍ار		۱۳؍ار	۱۳؍۰؍ار	۱۲؍ار	
نخود کسہ آمیز	۱۲؍ار	۱۳؍ار		۱۴؍ار	۱۵؍ار	۱۳؍ار	
کسہ	۱۳؍ار	۰		۱۳؍ار	۱۶؍ار	۱۵؍ار	
ماش	۶؍ار ۵؍۰؍ار	۵؍۰؍ار		۸؍ار	۷؍۰؍ار ۸؍ار	۸؍۰؍ار	
مونگ	۹؍ار ۱۰؍ار	۸؍۰؍ار		۸؍ار	۸؍۰؍ار	۹؍ار	
مکا	۱۲؍ار ۱۲؍۰؍ار	۱۲؍ار		۱۳؍ار	۱۳؍ار	۱۳؍۰؍ار	
جئی	۰	۱۸؍ار		۰	۱۶؍ار	۱۳؍ار	
گوجئی	۰	۱۲؍ار			۱۲؍ار	۱۲؍ار	
عدس	۹؍ار ۹؍۰؍ار	۹؍ار		۱۰؍ار	۹؍۰؍ار	۹؍ار	
ارہر	۱۳؍ار ۱۴؍ار	۱۲؍ار		۰	۱۴؍ار	۱۴؍ار	
برنج	انجنہ ۶؍ار جنگلی ۸؍ار	۷؍ار		۸؍ار	۷؍۰؍ار	۷؍۰؍ار	
روغن زرد	۰؍ار	۰؍؍ار		۰؍؍ار	۰؍؍ار	۰؍؍ار	
روغن سیاہ	۱؍ار	۱؍ار		۲؍ار	۲؍ار	۲؍ار	
روغن کنجد	۱؍۰؍ار	۱؍۰؍ار		۱؍ار	۱؍۰؍ار	۱؍۰؍ار	
نمک سانبھر	۴؍ار	۴؍ار		۴؍۰؍ار	۵؍ار	۴؍ار	
نمک لاہوری	۴؍ار	۰		۰	۸؍ار	۴؍ار	
[illegible] سیاہ	۵؍ار ۵؍۰؍ار	۵؍۰؍ار		۶؍ار	۶؍۰؍ار	۶؍۰؍ار	
باجرہ	۱۰؍ار ۱۰؍۰؍ار	۰		۱۱؍ار	۱۱؍ار	۱۱؍ار	

مطبوعہ پریس ریاست رامپور